سوال

(15) کیا وفات کے بعد میت کے مصنوعی دانت نکالنے ضروری ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی شخص نے سونے یا کسی اور قیمتی دھات کے مصنوعی دانت لگوائے ہوں اور وہ فوت ہو جائے تو کیا ان دانتوں کو نکال کر استعمال میں لایا جا سکتا ہے؟ اگر دفناتے وقت دانت نکالنے مشکل ہوں تو کیا اسے مصنوعی دانتوں سمیت دفنایا جا سکتا ہے؟ (سائل) (۲۰ مئی ۲۰۰۵ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وفات کی صورت میں ایسے دانت کو نکال کر استعمال میں لایا جا سکتا ہے، حدیث میں مال ضائع کرنے سے منع کیا گیا ہے اور اگر وہ کسی وجہ سے اتر نہ سکتے ہوں تو اسی حالت میں میت کو دفن کر دیا جائے۔

لا یُکَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ... سورة البقرة ۲۸۶

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الجنائز: صفحہ: 87

محدث فتویٰ